(COVID-19 IGP/D-30)

OFFICE OF THE
INSPECTOR GENERAL OF POLICE
SINDH, KARACHI

NO. 12565-72/AIGP/OPS-I/(IGP-D-30), 2020
Dated: 08 /04/2020

Outward No. DIGIT 848 /2020
Dated: 09-04-2020

بینظیر انکم سپورٹ پروگرام / احساس پروگرام کے تحت رقم کی تقسیم

حکومت نے بینظیر انکم اسپورٹ پروگرام / احساس پروگرام کے تحت معاشرے کے سب سے کمزور طبقات کو مالی مدد فراہم کرنے کا فیصلہ کیا ہے جس میں 1800 مقامات (برانچوں اور دیگر مقامات) سے حبیب بینک لمٹڈ کے زریع نقدر قم تقسیم کی جائے گی یہ تقسیم کل سے شروع ہو گی۔ اس سلسلے ڈپٹی کمشنر اور مقامی انتظامیہ کی ہم آہنگی کے ساتھ جامع سکیورٹی پلان جاری کیا جانا چاہیے جس میں ذیل نکات کی شمولیت کو یقینی بنایا جائے۔

(1) رینجرز اور دیگر سٹیک ہولڈر کے ساتھ سخت نگرانی اور ضروری ہم آہنگی کو یقینی بنائیں

(2) کرونا پینڈومک ایس اوپی کے مطابق، جو کہ پہلے سے جاری کردہ ہے۔ عمل درآمد کیا جائے

(3) کرونا پینڈیمک ایس اوپی کے مطابق کیش، عملے اور نامزد ڈسٹر بیوشن پوائنٹس کے احاطے کی محفوظ آمدورفت کو یقینی بنانا ہو گا

(4) تعینات فورس کو حفاظتی سامان کی فراہمی بشمول چہرے کے ماسک، دستانے، صابن، سینیٹائزر وغیرہ کو یقینی بنایا جائے

(5) رقم کی تقسیم کے مقامات پر اینٹی رائٹس فورس کی موجودگی کافی قوت کے ساتھ اور رزرو فورس کی موجودگی کو یقینی بنائیں

(6) ہر ڈسٹر بیوشن پوائنٹ پر خواتین پولیس عملے کی موجودگی کو یقینی بنایا جائے

(7) تعینات پولیس اہلکاروں کو کھانا کھلانے سمیت انکی فلاح و بہبود کو یقینی بنایا جائے

(8) تقسیم کے مقامات پر یا اسکے آس پاس کسی بھیڑ یا اجتماع کی اجازت ہر گز نہیں ہو گی

(9) پولیس گاڑیوں (موبائلوں) کو نقدر قم، نقل و حمل اور بی آئی ایس پی / احساس پروگرام سے وابستہ عملے کی مدد کے لئے تعینات کیا جائے گا

(10) اس سرگرمی کے دوران حکومت اور سندھ پولیس کے زریعے جاری لوک ڈاؤن کے بارے میں تمام انتظامی احکامات پر عمل کرایا جائے گا

ہدایات نامہ مجاز اتھارٹی کی ہدایت پر جاری کیا گیا ہے۔

ڈاکٹر اسد اعجاز ملھی (پی ایس پی)
اے آئی جی پی آپریشنز
برائے انسپکٹر جنرل، سندھ پولیس
کراچی

کاپی برائے اطلاع و عمل درآمد:
تمام ایڈیشنل آئی جی پی صاحبان، سندھ پولیس
تمام ڈی آئی جی پی صاحبان، سندھ پولیس
تمام ایس ایس پی / ایس پی صاحبان و جملہ افسران سندھ پولیس
انچارج آپریشن برانچ، سی پی او سندھ کراچی

SEEN
DIG / OPS
Dated: 13-04-2020